سوال

(80) جائز واجبات کے لئے کمیشن

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں انجینئر ہں اور میرا ذاتی کاروبار ہے، مختلف محکمہ جات سے اپنے جائز واجبات وصول کرنے کے لئے ہمیں کمیشن دینا پڑتا ہے اور اس کو دیئے بغیر آپ کا کام ہونا ناممکن ہے۔ ہم تو صرف اپنا جائز منافع اور مزدوری لیتے ہیں، لیکن جائز کام کے لئے بھی جب آپ کو کمیشن دینا پڑے تو کیا ایسی صورت میں آپ کی آمدنی قرآن وحدیث کی روشنی میں حلال ہوگی؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر اس کمیشن دینے میں کسی دوسرے کی حق تلفی نہ ہو، جائز کام ہو، شریعت کی مخالفت بھی نہ ہو تو جائز ہے لہٰذا آپ کی یہ آمدنی حلال ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمیہ (توضیح الاحکام)

ج2ص223

محدث فتویٰ